# 128423- یوم عاشوراء کے ساتھ گیارہ تاریخ کا بھی روزہ رکھنا فقہاء کیوں مستحب قرار دیتے ہیں ؟

## سوال

یوم عاشوراء کے متعلق میں نے ساری احادیث کا مطالعہ کیا ہے لیکن کسی میں بھی یہ نہیں ملا کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے یہود کی مخالفت کرتے ہوئے گیارہ محرم کا روزہ رکھنے کا اشارہ کیا ہو، بلکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا تو فرمان یہ ہے کہ :
"اگر میں آیندہ برس زندہ رہا تو میں نو اور دس تاریخ کا روزہ رکھوں گا" یہودیوں کی مخالفت کرتے ہوئے، اسی طرح نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرام کی بھی گیارہ تاریخ کا روزہ رکھنے کی راہنمائی نہیں فرمائی.
اس بنا پر کیا یہ بدعت تو نہیں کہلائیگی کہ جو نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا ہم وہ کر رہے ہیں، اور نہ ہی صحابہ کرام نے ایسا کیا ہے ؟
اور کیا اگر کسی شخص کا نو محرم کا روزہ رہ جائے تو دس محرم کا روزہ کفائت کر جائیگا یا نہیں ؟

## پسندیدہ جواب

علماء کرام نے گیارہ محرم کا روزہ رکھنا اس لیے مستحب قرار دیا ہے کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کرام کو ایسا کرنے کا حکم دیا تھا.

مسند احمد کی روایت میں ہے کہ ابن عباس رضی اللہ تعالی عنہما بیان کرتے ہیں کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"یوم عاشوراء کا روزہ رکھو، اور اس میں یہودیوں کی مخالفت کرتے ہوئے ایک دن قبل روزہ رکھو یا ایک دن بعد میں"

مسند احمد حدیث نمبر (2155).

اس حدیث کو صحیح قرار دینے میں علماء کرام کا اختلاف پایا جاتا ہے، شیخ احمد شاکر نے اسے حسن قرار دیا ہے، اور مسند احمد کے محققین حضرات اسے ضعیف کہتے ہیں.

اور ابن خزیمہ نے اسے ان الفاظ کے ساتھ روایت کیا ہے دیکھیں : ابن خزیمۃ حدیث نمبر (2095) علامہ البانی رحمہ اللہ کہتے ہیں : ابن ابی لیلی کے سوء حفظ کی بنا پر اس کی سند ضعیف ہے، اور عطاء وغیرہ نے اس کی مخالفت کی ہے، انہوں نے اسے ابن عباس سے موقوف روایت کیا ہے، اور اس کی سند امام طحاوی اور بیھقی کے ہاں صحیح ہے" انتہی

اس لیے اگر حدیث حسن ہے تو یہ حسن ہے، اور اگر ضعیف ہے تو اس طرح کے مسئلہ میں علماء کرام تساہل سے کام لیتے ہیں، کیونکہ اسکا ضعف تھوڑا سا ہے، نہ تو یہ موضوع ہے اور نہ ہی مکذوب، اور اس لیے بھی کہ یہ فضائل اعمال میں ہے خاص کر محرم الحرام میں روزے رکھنے کی نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ترغیب دلائی ہے.

حتی کہ رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا :

"رمضان المبارک کے بعد سب سے افضل روزے محرم الحرام کے ہیں"

صحیح مسلم حدیث نمبر (1163).

امام بیھقی نے یہ حدیث سنن الکبری میں مندرجہ بالا الفاظ کے ساتھ روایت کی ہے، اور ایک دوسری روایت میں یہ الفاظ ہیں :

"اس کے ایک دن قبل اور ایک دن بعد روزہ رکھو" یہاں یا کی بجائے اور کے الفاظ ہیں.

اتحاف المهرہ میں حافظ ابن حجر رحمہ اللہ نے ان الفاظ کے ساتھ رویت کیا ہے کہ :

"اس کے ایک دن قبل اور ایک دن بعد روزہ رکھو"

دیکھیں : اتحاف المهرۃ حدیث نمبر (2225).

حافظ ابن حجر رحمہ اللہ کہتے ہیں :

اسے احمد اور بیہقی نے ضعیف سند کے ساتھ روایت کیا ہے، کیونکہ محمد بن ابی لیلی ضعیف ہے، لیکن اس نے اکیلے یہ روایت نہیں کی بلکہ صالح بن ابی صالح بن حی نے اس کی متابعت کی ہے" انتہی

اس طرح یہ روایت نو اور دس اور گیارہ تاریخ کا روزہ رکھنے کے استحباب پر دلالت کرتی ہے.

بعض علماء نے گیارہ تاریخ کے روزے کے استحباب کا ایک اور سبب بیان کیا ہے یہ دس تاریخ کی احتیاط ہے، کیونکہ بعض لوگ محرم کے چاند میں غلطی کر سکتے ہیں، اس لیے یقینی طور پر معلوم نہیں کہ کونسا دن دس تاریخ کا تھا، اس لیے اگر کوئی مسلمان شخص نو اور دس اور گیارہ تاریخ کا روزہ رکھ لیتا ہے تو اس نے یوم عاشورا کا روزہ رکھ لیا.

ابن ابی شیبہ نے مصنف ابن ابی شیبہ میں طاؤس رحمہ اللہ سے روایت کیا ہے کہ وہ دس محرم سے ایک دن قبل اور ایک دن بعد روزہ رکھا کرتے تھے، کہ کہیں دس محرم کا روزہ رہ نہ جائے.

دیکھیں : مصنف ابن ابی شیبۃ (313/2).

اور امام احمد رحمہ اللہ کہتے ہیں :

"جو شخص یوم عاشوراء کا روزہ رکھنا چاہتا ہے تو وہ نو اور دس تاریخ کا روزہ رکھے، لیکن اگر مہینوں میں اسے اشکال پیدا ہو جائے تو وہ تین دن کے روزے رکھے، ابن سیرین یہی کہا کرتے تھے" انتہی

دیکھیں : المغنی (441/4).

اس سے یہ واضح ہوا کہ تین روزوں کو بدعت کہنا صحیح نہیں ہے.

لیکن اگر کوئی شخص نو محرم کا روزہ نہیں رکھ سکا تو وہ اکیلا دس محرم کا روزہ رکھ لے تو اس میں کوئی حرج نہیں اور یہ مکروہ نہیں ہوگا، اور اگر وہ اس کے ساتھ گیارہ محرم کا روزہ ملا لے تو یہ افضل ہے.

مرداوی رحمہ اللہ کہتے ہیں :

" صحیح مسلک کے مطابق صرف دس محرم کا روزہ رکھنا مکروہ نہیں، شیخ تقی الدین (ابن تیمیہ) رحمہ اللہ نے اس کی موافقت کی ہے کہ یہ مکروہ نہیں" انتہی مختصرا

دیکھیں: الانصاف (346/3).

واللہ اعلم.